© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

☆ حضرت پیر جی عبداللطیف رائے پوری رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند، حضرت پیر جی عبدالعلیم رائے پوری شہیدؒ کے برادرِ خورد حافظ عبدالقدیر (مدرسہ تجوید القرآن چیچہ وطنی) ۸؍نومبر ۲۰۰۸ء کو انتقال کر گئے۔ قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری، سید محمد کفیل بخاری اور عبداللطیف خالد چیمہ نے مدرسہ تجوید القرآن میں مرحوم کے برادران اور فرزند انیس الرحمٰن سے تعزیت کا اظہار کیا۔

☆ اسلام آباد میں حضرت مولانا مفتی مجیب الرحمٰن کے جواں سال فرزند حافظ محمد معاویہ ۲؍نومبر کو بجلی کا کرنٹ لگنے سے انتقال کر گئے۔ مجلس احرار اسلام کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے ۲۱؍نومبر کو ان کے ہاں تعزیت کی۔

☆ مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے سینئر کارکن جناب حاجی عیش محمد رضوان کے داماد اور محمد معاویہ رضوان کے بہنوئی محمد اسلم سندھو (اوکاڑہ) کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں انتقال کر گئیں۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے ۱۳؍نومبر کو اوکاڑہ میں ان سے تعزیت کا اظہار کیا۔ مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے ارکان شیخ نسیم الصباح، شیخ مظہر سعید، خالد محمود اور دیگر بھی ہمراہ تھے۔

☆ والدہ صاحبہ مرحومہ، جناب اکرم راہی گلاسگو (۱۰؍نومبر ۲۰۰۸ء)

☆ شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی کے سسر شیخ عبدالرشید مرحوم (شیخوپورہ) ۱۹؍نومبر ۲۰۰۸ء

☆ میاں محمد صاحب مرحوم (والد خالد فاروق صاحب تلہ گنگ)

☆ میاں عبدالاحد صاحب مرحوم (بہنوئی میاں محمد اویس) لاہور۔ ۸؍نومبر ۲۰۰۸ء

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ حق تعالیٰ سب کی مغفرت اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)






© rasailojaraid.com